© rasailojaraid.com



# مسافرانِ آخرت

● **حضرت مولانا زبیر الحسن کاندھلوی رحمۃ اللہ علیہ:** عالمی تبلیغی جماعت کے رہنما مولانا زبیر الحسن کاندھلوی، ۱۶/ جمادی الاوّل ۱۴۳۵ھ / ۱۸/ مارچ ۲۰۱۴ء کو دہلی میں انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ انھوں نے تمام عمر دعوت و تبلیغِ اسلام اور مسلمانوں کے اعمال کو سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے قالب میں ڈھالنے میں گزار دی۔ اصلاحِ اعمال، دین کے شعبوں میں ایک اہم شعبہ ہے۔ مولانا زبیر الحسن کاندھلوی نے اس شعبہ میں ناقابلِ فراموش خدمات انجام دیں۔ اُن کے دعوتی بیانات سے لاکھوں انسانوں کی زندگیوں میں تبدیلی آئی۔ حضرت مولانا محمد طلحہ کاندھلوی نے اُن کی نمازِ جنازہ پڑھائی اور نمازِ جنازہ میں ہندوستان بھر سے لاکھوں مسلمانوں نے شرکت کی۔ اللہ تعالیٰ اُن کی مغفرت فرمائیں اور دین کے لیے اُن کے مساعی قبول فرمائیں۔ **اللّٰھُمَّ لا تحرمنا اجرہٗ و لا تفتنا بعدہ.**

● **مولانا ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ:** حضرت مفتی محمد حسن امرتسری رحمۃ اللہ علیہ کے فرزند، حضرت مولانا عبید اللہ (مہتمم جامعہ اشرفیہ لاہور) اور مولانا فضل الرحیم کے بھائی، مولانا ولی اللہ ۱۸/ جمادی الاوّل ۱۴۳۵ھ / ۲۰/ مارچ ۲۰۱۴ء کو لاہور میں انتقال کر گئے۔ مرحوم اپنے تمام بھائیوں کی نسبت خاموش طبع تھے لیکن خوش طبعی کی صفت سب بھائیوں میں مشترک ہے۔ اسم بامسمّٰی ولی اللہ تھے۔ مدرسہ خیر المدارس جالندھر میں حضرت مولانا سید ابوذر بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے ہم سبق رہے۔ تھانوی المشرب ہونے کے باوجود ''احراری'' تھے۔ اپنی مجالس میں یہ قصہ سنایا کرتے کہ تقسیم ہند سے قبل امرتسر کے گھر میں تمام بھائیوں میں صرف مَیں ہی احرار سے متاثر تھا۔ باقی بھائیوں نے گھر پر مسلم لیگ کا جھنڈا لگایا تو میں نے احرار کا سرخ پرچم لہرا دیا۔ حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ اُن کے والد ماجد حضرت مفتی محمد حسن رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد تھے۔ اس نسبت سے بھی وہ حضرت امیر شریعت سے بہت محبت کرتے تھے۔ حضرت مولانا ولی اللہ کے انتقال سے حضرت مفتی محمد حسن رحمہ اللہ کی اولاد میں ایک اور چراغ بجھ گیا۔ ابھی مولانا عبد الرحمٰن اشرفی رحمۃ اللہ علیہ کی جدائی کا غم باقی تھا کہ مولانا ولی اللہ بھی اُن سے جا ملے۔ حق تعالیٰ انہیں اعلیٰ علیّین میں جگہ عطا فرمائیں۔ حضرت مولانا عبید اللہ مدظلہٗ، حضرت مولانا فضل الرحیم دامت برکاتہم اور خاندان کے تمام پسماندگان، جامعہ اشرفیہ کے اساتذہ و علماء سب کو صبر عطا فرمائیں۔ (آمین)

● **بنت مرحومہ حضرت قاضی احسان احمد شجاع آبادی رحمۃ اللہ علیہ:** رفیق امیر شریعت، حضرت مولانا قاضی احسان احمد شجاع آبادی رحمہ اللہ کی بیٹی، مولانا قاضی عبد اللطیف اختر رحمہ اللہ کی اہلیہ اور قاضی قمر الصالحین کی والدہ ماجدہ ۱۶/ جمادی الاوّل ۱۴۳۵ھ / ۱۸/ مارچ ۲۰۱۴ء کو انتقال فرما گئیں۔ اگلے روز اُن کے فرزند قاضی قمر الصالحین نے نمازِ جنازہ پڑھائی اور مرحومہ اپنے عظیم والد کے قدموں میں آسودہ خاک ہوگئیں۔ نمازِ جنازہ میں شجاع آباد اور اطراف کے شہروں سے کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ ملتان سے ابن امیر شریعت حضرت مولانا سید عطاء المؤمن بخاری مدظلہٗ کے فرزند سید عطاء اللہ (ثالث) بخاری اور حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن کے فرزند مولوی سید عطاء المنان بخاری نماز جنازہ میں شریک ہوئے۔ اللہ تعالیٰ اُن کے حسنات قبول فرما کر مغفرت فرمائیں اور اعلیٰ علیّین میں جگہ عطا فرمائیں۔ پسماندگان کو صبرِ جمیل عطا فرمائیں۔ (آمین)

● **حاجی محمد صدیق امرتسری رحمۃ اللہ علیہ:** ملتان میں ہمارے قدیم کرم فرما اور حضرت امیر شریعت رحمہ اللہ کے انتہائی ارادت مند ''بھائی عطاء اللہ صدیق'' کے والد ماجد حاجی محمد صدیق امرتسری ۶/ جمادی الاول ۱۴۳۵ھ، ۸/ مارچ ۲۰۱۴ء کو



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ملتان میں انتقال کر گئے۔

● **آپا جی رحمہا اللہ:** جامعہ خیر المدارس ملتان کے شعبۂ تعلیم النساء کے شعبۂ حفظ قرآن کی ابتدائی اور بزرگ ترین معلّمہ اور حاجی عبدالوحید صاحب کی ہمشیر ''آپا جی'' ۹؍ جمادی الاول ۱۴۳۵ھ، ۱۱؍ مارچ ۲۰۱۴ء کو ۹۲ برس کی طویل عمر کی علالت کے بعد انتقال کر گئیں۔ مرحومہ نے تقریباً چالیس برس بچیوں کو قرآن کریم پڑھایا۔ سیکڑوں بچیوں نے ان سے قرآن کریم حفظ کیا۔ آپ کے شوہر ماسٹر محمد یوسف رحمۃ اللہ علیہ بھی جامعہ خیر المدارس میں بچوں کو ناظرہ قرآن کریم پڑھاتے رہے۔ حق تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور اعلیٰ علیین میں دیگر فرمائے۔ (آمین)

● **رفیق احمد چوھان مرحوم:** مجلس احرارِ اسلام بستی مولویان رحیم یار خان کے کارکن حاجی عبدالعزیز کے بھتیجے رفیق احمد چوہان مرحوم۔ انتقال: ۹؍ مارچ ۲۰۱۴ء

● **محمد طارق چوھان کی نانی مرحومہ:** اسیرِ ختمِ نبوّت حاجی غلام نبی مرحوم بستی مولویان (رحیم یار خان) کی اہلیہ، صوفی محمد اسحٰق چوھان کی خوش دامن اور مولوی محمد طارق چوھان کی نانی مرحومہ۔ ۱۵؍ مارچ ۲۰۱۴ء کو نمازِ فجر ادا کی اور روح پرواز کر گئی۔

● **خواجہ عبدالرؤف صدیقی رحمۃ اللہ علیہ:** سابق رکن مرکزی شوریٰ مجلس احرارِ اسلام، سابق سالار جمعیت علماء اسلام اور محترم حافظ جمال ناصر کے والد ماجد۔ انتقال: ۱۴؍ مارچ بروز جمعہ۔ بعمر ۹۰ سال، نمازِ جنازہ ۱۵؍ مارچ، جامعہ خیر المدارس

● **شیخ منور مرحوم:** شیخ حسین اختر لدھیانوی ملتان، کے پھوپھی زاد۔ انتقال: ۷؍ مارچ ۲۰۱۴ء بروز جمعہ، لاہور

● **حافظ محمد ندیم لدھیانوی رحمۃ اللہ علیہ:** انتقال: مدینہ منوّرہ، ۱۹؍ جمادی الاول ۱۴۳۵ھ، ۲۱؍ مارچ ۲۰۱۴ء۔ طویل عرصہ سے مدینہ منوّرہ میں مقیم تھے۔ نہایت خوش طبع ہنس مکھ اور جید حافظ تھے۔ مجلس احرار اسلام سے فکری وابستگی تھی۔ جن دنوں لاہور میں ہوتے تو حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہٗ کے ماہانہ درس قرآن میں دفتر احرار ضرور تشریف لاتے۔

● **مولانا اظہار الحق رحمہ اللہ:** جمعیت علماء اسلام لاہور کے امیر حضرت مولانا محبّ النبی کے داماد۔ انتقال: ۱۹؍ مارچ ۲۰۱۴ء

● جہادی رہنما مولانا اللہ وسایا قاسم رحمۃ اللہ علیہ کے نانا جان پیر بخش انتقال کر گئے

● چیچہ وطنی جماعت کے کارکن مولانا قاری زاہد محمود (صدر مدرس جامعہ مدینہ بلاک نمبر 18 چیچہ وطنی) کے برادرِ نسبتی قاری عبید الرحمٰن ضیاء ۲۱؍ مارچ کو انتقال فرما گئے

● روزنامہ ''جنگ'' لاہور کے سینئر صحافی جناب امتیاز علی راشد کی والدہ ماجدہ مارچ کے پہلے عشرے میں انتقال فرما گئیں

● جوہر آباد میں ہمارے ہم فکر صحافی اور دوست محمد احسان اللہ صدیقی ۱۰؍ مارچ کو انتقال فرما گئے، تمام دینی جماعتوں کے ترجمان اور درد دل والے انسان تھے، تحفظِ ختم نبوت کے محاذ پر ہمہ وقت تعاون کے لیے تیار ہوتے، عبداللطیف خالد چیمہ نے مرحوم کے والد گرامی کے علاوہ مفتی محمد زاہد سے بھی تعزیت کا اظہار کیا۔

● اوکاڑہ کے سینئر صحافی اور جمعیت علماء اسلام پنجاب کے رہنما حافظ عتیق الرحمٰن کے والد گرامی حافظ حاجی اللہ دتہ ۲۷؍ فروری کو انتقال فرما گئے، عبداللطیف خالد چیمہ نے اوکاڑہ کے ساتھیوں کے ہمراہ حافظ عتیق الرحمٰن کی رھائش گاہ پر تعزیت کا اظہار کیا۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



● مجلس احرارِ اسلام چیچہ وطنی کے دیرینہ معاون ماسٹر عطاءِ محی الدین کی اہلیہ ادائیگی عمرہ کے بعد مدینہ منورہ میں انتقال کر گئیں جنہیں جنت البقیع میں سپردخاک کر دیا گیا۔

قارئین سے درخواست ہے کہ ایصال ثواب اور دعاءِ مغفرت کا خصوصی اہتمام فرمائیں (ادارہ)

## دعائے صحت

● حافظ عبدالرحیم نیاز (رحیم یار خان) رکن مرکزی مجلس شوریٰ

● جناب سردار عزیز الرحمٰن سنجرانی: مجلس احرارِ اسلام ضلع ملتان کے سابق ناظم و رکن مرکزی مجلس شوریٰ۔

● چودھری محمد اکرام (لاہور) ● اہلیہ محترمہ ملک محمد یوسف صاحب (لاہور)

● محمد بشیر چغتائی (مدرسہ معمورہ ملتان کے سابق سفیر)

● احرار ختم نبوت مشن برطانیہ کے صدر جناب شیخ عبدالواحد (گلاسگو) کے فرزند شیخ عبدالماجد علیل ہیں۔

● روزنامہ ''اوصاف'' اسلام آباد کے ایڈیٹر جناب ظفر سلطان کی اہلیہ کا بائی پاس ہوا ہے۔

● انٹرنیشنل ختمِ نبوت موومنٹ کے مرکزی سیکرٹری جنرل ڈاکٹر احمد علی سراج دل کے عارضہ میں مبتلا ہیں اور راولپنڈی کے ہسپتال میں زیرِ علاج ہیں ● دفتر احرار لاہور کے کارکن شوکت علی کے فرزند شاہران۔

● دفتر احرار چیچہ وطنی کے حافظ محمد سلیم شاہ کے والد سید خلیل الرحمٰن علیل ہیں۔

● جناب شیخ احسان اللہ (وزیر آباد) سابق رکن مرکزی مجلس شوریٰ مجلس احرارِ اسلام پاکستان۔ حکیم شیخ نجم الہدیٰ کے والد ماجد جماعت کے قدیم ترین کارکنوں میں سے ہیں، پیرانہ سالی اور دیگر عوارض کی وجہ سے شدید علیل ہیں۔

● تحریک طلباءِ اسلام ملتان کے رہنما فرحان الحق حقانی علیل ہیں۔

● ٹوبہ ٹیک سنگھ کے احرار کارکن حافظ عبدالوحید کے ماموں محمد رفیق عارضۂ قلب میں مبتلا ہیں۔

● ہمارے کرم فرما جناب محمد اشرف (گلاسگو) علیل ہیں۔

قارئین سے دعائے صحت کی درخواست ہے۔ اللہ تعالیٰ تمام مریضوں کو شفاءِ کاملہ عطاء فرمائے (آمین)

الغازی مشینری سٹور

ہمہ قسم چائنہ ڈیزل انجن، سپیئر پارٹس
تھوک و پرچون ارزاں نرخوں پر ہم سے طلب کریں

بلاک نمبر 9 کالج روڈ، ڈیرہ غازی خان 064-2462501



© rasailojaraid.com